

Institute
الهداية
Al-Hidayah

گناہوں کی بخشش کے لیے دعائیں

Institute
الهداية
Al-Hidayah

1

بخشش اور رحمت طلب کرنے کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

اے میرے رب ! بخش دے اور رحم فرما اور تو رحم
کرنے والوں میں بہترین ہے .

(سورۃ المؤمنون: 118)



alhidayahinstitute.edu.pk

Institute
الهداية
Al-Hidayah

2

گناہوں کی بخشش کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

اے ہمارے رب! بے شک ہم ایمان لائے، پس
ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہمیں آگ کے
عذاب سے بچا لے۔

(سورۃ آل عمران: 16)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

3

گناہوں اور حد سے بڑھنے پر بخشش کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِيْ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا
وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ

اے ہمارے رب ! ہمارے گناہ بخش دے اور
ہمارا معاملہ میں حد سے بڑھنا بھی اور ہمارے قدم
جمادے اور کافر قوم کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

(سورۃ آل عمران: 147)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

4

اہل ایمان کے لیے بغض سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا
تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْم

اے ہمارے رب! ہمیں اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں بخش دے اور ہمارے دلوں میں اہل ایمان کے لیے کوئی بغض نہ رکھ، اے ہمارے رب ! بے شک تو بہت شفقت کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

(سورۃ الحشر : 10)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

5

گناہوں کی بخشش کے لیے

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ
تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ

اے ہمارے رب! ہم نے اپنے اوپر ظلم کیا اور اگر تو
نے ہم سے درگزر نہ فرمایا اور ہم پر رحم نہ کیا تو یقیناً ہم
خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے

(الاعراف: 23)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

6

رفیق اعلی سے ملنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِی وَارْحَمْنِی وَأَلْحِقْنِی بِالرَّفِیقِ

اے اللہ میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے
رفیق (اعلی) سے ملادے

(صحیح مسلم:6446)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

7

گناہوں کا اعتراف اور تسبیح بیان کرنا

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰالِمِیْنَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، پاک ہے تو، بے شک میں ظالموں میں سے ہوں

(سورۃ الأنبیاء: 87)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

8

گناہوں کی بخشش کی دعا



رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي

اے میرے رب! یقیناً میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا،
سو مجھے بخش دے

(سورۃ القصص: 16)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

9

استغفار اور رزق میں برکت کا سوال

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي

اے اللہ ! میرا گناہ بخش دے، میرے گھر میں وسعت
فرما اور میرے رزق میں برکت عطا فرما

(سنن الکبری للنسائی : 9828) صحیح



Institute
الهداية
Al-Hidayah

10

گناہوں کی بخشش اور ہدایت کے لیے



اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے
ہدایت دے اور مجھے رزق عطا فرما

(صحیح مسلم: 6849)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

11

ہر قسم کے گناہ کی بخشش کا سوال

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ كُلَّهُ دِقَّهُ وَجِلَّهُ وَاَوَّلَهُ
وَآخِرَهُ وَعَلَانِيَتَهُ وَسِرَّهُ

اے اللہ! میرے سب گناہوں کو بخش دے تھوڑے
ہوں یا بہت، گزشتہ ہو یا موجودہ، کھلے ہوں یا چھپے

(صحیح مسلم، کتاب الصلاۃ: 1084)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

12

گناہوں کی بخشش کے لیے دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا اَخْطَاْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُّ وَمَا
اَسْرَرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا جَهِلْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُّ

اے اللہ! میرے ان گناہوں کو معاف فرما جو میں نے غلطی سے کیے، جان بوجھ کر کیے، چھپ کر کیے، اعلانیہ طور پر کیے، نادانی میں کیے یا جانتے بوجھتے ہوئے کیے

(مسند احمد، ج: 33، 19925 صحیح)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

13

گناہوں کی بخشش اور توبہ قبول ہونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِی وَارْحَمْنِی وَتُبْ عَلَیَّ إِنَّكَ
أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

اے اللہ مجھے معاف فرما، مجھ پر رحم فرما مجھ پر توجہ فرما، بے
شک تو نہایت توبہ قبول کرنے والا نہایت مہربان ہے

(مسند احمد:5354)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

14

ابراھیم علیہ السلام کی دعا

رَبَّنَا اغْفِرْ لِی وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِینَ یَوْمَ یَقُومُ الْحِسَابُ

اے ہمارے رب! مجھے اور میرے والدین اور تمام مومنوں کو اس دن معاف فرمانا جب حساب لیا جائے گا۔

(سورۃ ابراہیم:41)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

15

معافی اور رحم طلب کرنے کے لیے

أَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِينَ

تو ہی ہمارا سرپرست ہے۔ لہذا ہمیں معاف فرما اور ہم پر رحم فرما اور تو ہی سب سے بڑھ کر معاف کرنے والا ہے۔

(سورۃ الأعراف: 155)

Institute
الهداية
Al-Hidayah


16

مومنین کے لیے بخشش کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَلَا تَزِدِ الظَّالِمِينَ إِلَّا تَبَارًا

اے میرے رب ! مجھے بخش دے اور میرے
ماں باپ کو اور اس کو جو مومن بن کر میرے گھر میں
داخل ہو اور ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں
کو اور ظالموں کو ہلاکت کے سوا کسی چیز میں نہ بڑھا

(سورۃ نوح: 28)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

17

توبہ کرنے کے لیے دعا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ
الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

میں عظیم اللہ سے بخشش مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی اِلٰہ نہیں،
وہ زندہ، قائم رہنے والا ہے اور میں اس کی طرف توبہ کرتا ہوں

(سنن الترمذی: 3577 صحیح)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

18

گناہوں کی بخشش کے لیے دعا

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ

پاک ہے تو اے اللہ، اے ہمارے رب! اور تیری ہی
تعریف ہے، اے اللہ! مجھے بخش دے
*رکوع اور سجدہ میں

(صحیح مسلم: 1085)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

19

گناہوں کی بخشش کے لیے دعا

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ،
اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ

پاک ہے تو اے اللہ اور تیری ہی تعریف ہے میں گواہی دیتا ہوں
کہ کوئی الہ نہیں مگر تو اور میں تیری طرف توبہ کرتا ہوں

⋆ مجلس کے اختتام پر

(سنن أبی داؤد: 4859 حسن صحیح)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

20

شب قدر میں مانگی جانے والی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ



اے اللہ! بے شک تو معاف کرنے وال
اہے، معاف کرنے کو پسند کرتا ہے، پس
مجھے معاف کر دے

(سنن الترمذی: 3513) صحیح

Institute
الهداية
Al-Hidayah

21

گناہوں کی بخشش کے لیے دعا

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ
وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

میں عظیم اللہ سے بخشش مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی اِلٰہ نہیں،
وہ زندہ، قائم رہنے والا ہے اور میں اس کی طرف توبہ کرتا ہوں

(سنن الترمذی: 3577 صحیح)

Institute
الهداية
Al-Hidayah

22

گناہوں کی بخشش کے لیے دعا

رَبِّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ

اے میرے رب! بدلے کے دن تو میری
خطائیں بخش دینا

(صحیح مسلم: 518)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

23

بخشش کی دعا

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ

میں اللہ سے استغفار اور اس سے
توبہ کرتا ہوں۔

(صحیح البخاری:6307)



Institute
الهداية
Al-Hidayah

Instagram account

@alhidayahinstitute.edu.pk

Facebook account

Al Hidayah Institute

Youtube Channel

Al Hidayah Institute

Email Address

alhidayahinstitute36@gmail.com